صلوٰة

منگل، ۱۸ جنوری ۲۰۲۲ء

جماعت کا کام

عنوان: "نماز"

☆ الفاظ کے معانی لکھیے۔

	الفاظ	معانی
۱۔	کلام	گفتگو، بات
۲۔	اطمینان	تسلّی
۳۔	پرہیز	احتیاط
۴۔	پختہ	مضبوط

عنوان: "نماز"

☆ مُختصر سوالات

س ۱: نماز کا کیا مطلب ہے؟

ج نماز عبادت اور بندگی کا ایک خاص طریقہ ہے۔

س ۲ نماز کی فرضیت کے حوالے سے ایک آیت کا ترجمہ لکھیں۔

ج: ترجمہ: "اور نماز قائم رکھو، زکوٰۃ دِیا کرو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ مِل کر رکوع کیا کرو۔" (سورۃ البقرہ، آیت: ۴۳)

س ۳ نماز کی اہمیت کے حوالے سے کسی ایک حدیث کا ترجمہ لکھیں؟

ج ترجمہ: "مومن اور کافر میں فرق نماز کا چھوڑ دینا ہے۔" (صحیح مُسلم، حدیث: ۸۲)

عنوان: "نماز"

☆ تفصیلی سوالات

س:۱ نماز کی اہمیت و فضیلت بیان کریں۔

ج: نماز توحید کے بعد اسلام کا بنیادی رکن ہے۔ نماز حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلم کی امّت پر فرض ہونے والی سب سے پہلی عبادت ہے۔

س ۲ نماز کے آداب لکھیے۔

ج ۱ نماز کے لیے جگہ، جسم اور لباس کا پاک ہونا ضروری ہے

۲۔ نماز میں قبلہ رو کھڑے ہونا ضروری ہے۔

۳۔ نماز کے الفاظ ٹھہر ٹھہر کر ادا کرنے چاہییں۔

۴۔ نماز کو اطمینان سے ادا کرنا چاہیے۔

۵۔ نماز میں اِدھر اُدھر نہیں دیکھنا چاہیے۔

۶۔ نماز ادا کرنے کے دوران غیر ضروری حرکات سے پرہیز کرنا چاہیے۔